www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اُردو کُتب خانہ پی کے
urdukutabkhanapk.blogspot

مناجات

urdukutabkhanapk.blogspot

احمد جاوید

urdukutabkhanapk.blogspot.com

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کتاب ——— مناجات

مصنف ——— احمد جاوید

سالِ اشاعت ——— ۲۰۱۹

تعداد ——— ۱۰۰۰

قیمت ——— ۵۰۰

اُردو کُتب خانہ
URDUKUTABKHANAPK.BLOGSPOT

۶- علی ٹاؤن، مین رائیونڈ روڈ، لاہور
۰۳۲۲۶۳۹۱۳۸۸

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اُردو کُتب خانہ
URDUKUTABKHANAPK.BLOGSPOT

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! پانی سے دور نہ رکھنا
اور پیاس کبھی بجھنے نہ دینا!

یا اللہ! آنکھوں کو دل کی آرزو پوری کرنے کے قابل بنا دے

یا اللہ! اس اندھے کی رات اور کتنی لمبی ہے!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! آندھیوں کو حکم دے کہ رُک جائیں
اِس گنہ گار نے ایک دیا روشن کیا ہے
تیرے نام کا، تیری یاد کا!

میرے معبود، ایسی نماز نصیب فرما
جس میں قیام ہوش کے ساتھ ہو
اور سجدہ سرمستی کے ساتھ!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! پناہ مانگتا ہوں

اس خاموشی سے جس میں تو نہ پکارا جائے

اس آواز سے جو دل کو بہرا کر دے

اس منظر سے جو تجھے نہ دکھائے

اور اس زندگی سے جو تجھ پر نثار نہ کی جائے

اور اس موت سے جو تیری خشنودی تک نہ پہنچائے!

INFINIX HOT 8 | 13MP
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

بنا دے مجھ کو چاہ والا، نگاہ والا!

ایسا دل دے جو تیرے ہی دھیان میں رہے اور تجھی کو چاہے

ایسی آنکھ دے جو تیری ہی دید میں رہے اور تجھی کو سراہے

الٰہی!

بادل بانجھ ہو چکے ہیں

دریا سوکھ گئے ہیں

اور میں پیاسا ہوں، بہت پیاسا!

INFINIX HOT 8 | 13
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

تو ذرّے کو سورج بخش دیتا ہے

قطرے کو دریا سونپ دیتا ہے

اس دل کو بھی نامراد نہ رکھ!

یا اللہ! یہ دل 'غیر' آباد نہ ہو!

الٰہی! اِس دل کو اُجال دے

یا سینے سے نکال دے

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

urdukutabkhanapk.blogspot.com

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! اپنی طرف یکسو رکھنا
وفاداری اور شکر گزاری کے ساتھ
ذہن کی بیداری کے ساتھ
دل کی سرشاری کے ساتھ!

یا اللہ! تو نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اُمتی بنایا
مجھے توفیق دے کہ اس پر تیرا شکر ادا کروں
ابراہیمی یکسوئی کے ساتھ
محمدی روبروئی کے ساتھ!

INFINIX HOT 8 | 13MP
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خداوندا! ہمیں ذوقِ عبادت عطا فرما، جذبہ اطاعت
نصیب فرما، حُسنِ معاشرت عنایت فرما!

یا اللہ! عطا فرما دے
وہ ذکر جو تجھے بھولنے نہ دے
وہ فکر جو تجھ سے بے خوف نہ ہونے دے
وہ شکر جو تجھے خوش کر دے
وہ توبہ جو تجھ تک پہنچا دے
وہ استقامت جو تیرا دوست بنا دے
اور وہ یکسوئی جو گویا تجھے دکھا دے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خداوندا!

رحمت کے آسمان تلے، اور بندگی کی زمین پر رکھ!

میں خزاں رسیدہ پتّا ہوں،

بے وفائی کے جھکڑ کو مجھ سے دور کر دے

سرکشی کی آگ کو میری طرف نہ لپکنے دے

اور بہار کو میری مسیحائی پر مامور فرما!

یا اللہ! ہمیں عطا فرما

ایسا عمل جو تجھ سے دُور نہ رہنے دے

ایسا ایمان جو بے حضور نہ رہنے دے

اور ایسا علم جو دل کو بے نور نہ رہنے دے!

INFINIX HOT
AI TRIPLE CAMER

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

میرے سب ارادوں کی مراد تُو ہے

میرے سب راستوں کی منزل تُو ہے

میری سب محبتوں کا محبوب تُو ہے!

میں تھوڑی سی مٹی ہوں

اس مٹی کو آندھی سے بچانا

میں مدھم سی آواز ہوں

اس آواز کو باہر کے شور کی خوراک نہ بننے دینا

میں سوکھا پتا ہوں مالک!

مجھے میری بہار تک پہنچا دے

جو تیرے حضور میں ملتا ہے اس قرار تک پہنچا دے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

میں خالی برتن ہوں، میرے مالک!

مجھے بھر دے ایسی غیرت سے

جو حیا کی سب سے اُونچی شاخ پر لگنے والا پھل ہے

اُس حمیت سے

جو وفاداری کی زمین پر عاجزی کے ساتھ ثابت قدم رکھتی ہے

اُس شجاعت سے

جو نرم دلی کا پودا سُوکھنے نہیں دیتی

اور ایسی طاقت سے جو اطاعت سے نُمو پاتی ہے

اور عبادت میں مکمل ہوتی ہے!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! مجھے عطا فرما دے

وہ عشق جو حالتِ استغفار میں رکھتا ہے

اور وہ عقل جو کیفیتِ دیدار میں رکھتی ہے!

یا الہ العالمین!

ایسا شکر نصیب فرما دے جو مجھے تیرے ساتھ رکھے

اور وہ صبر جو تجھے میرے ساتھ رکھے!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMER

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

علم کا شعلہ بجھ چکا ہے اور جہل کی راکھ اُڑ رہی ہے

اے مردے کو زندہ کرنے والے!

اے تاریکی کو روشنی بنانے والے!

بجھے ہوئے دیے میں پھونک دے وہ روشنی جو دل اُجالتی ہے

آنکھوں میں جمی ہوئی راکھ کو دھو ڈال اُن آنسوؤں سے

جو سجدہ گاہوں کو تر رکھتے ہیں!

ہمیں جاہل نہ رہنے دے، غافل نہ رہنے دے،

مردہ دل نہ رہنے دے

یا اللہ! یا اللہ! یا اللہ!

INFINIX HOT 8 | 13MP
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

تو نے دریا تخلیق کیا اور مجھے اس کا سب سے چمکیلا موتی بنایا

تو نے آسمان ایجاد کیا اور مجھے اس کا سب سے روشن ستارہ بنایا

لیکن میں بنجر زمینوں پر رینگنے والا کیڑا بن گیا

مالک! میری ناشکری معاف کر دے

مجھے میری چھوڑی ہوئی بلندی، گہرائی اور روشنی لوٹا دے

مجھے اپنا عاشق اور عارف بنا دے

مجھے بندگی کی جگہ پر پھر سے بٹھا دے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! اطاعت کے راستے میں کہیں رکنے نہ دینا
اور عبادت کی منزل سے کبھی ہلنے نہ دینا!

الٰہی! کی بحضورِ تو روم، در دیدہ نگاہ ندارم
کی در غیابِ تو مانم، در سینہ آہ ندارم

(الٰہی! تیرے حضور کی طرف کیسے جاؤں
میری آنکھ نظر والی نہیں ہے
تیرے اوجھل ہونے کو کیسے سہاروں،
سینے میں آہ تو ہے ہی نہیں!)

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! عطا فرما ایسا ایمان جو دل کو بیدار اور عقل کو سرشار رکھے

ایسی بندگی جو تجھے دیکھتی رہے قابلِ اعتبار بینائی کے ساتھ اور

لائقِ اعتماد دانائی کے ساتھ!

میرے مالک! مجھے نصیب فرما وہ پگھلا ہوا دل

جو تیرے قرب کے سب سانچوں میں ڈھل سکے

وہ مضبوط ہاتھ جو تیرا جھنڈا تھام سکیں

وہ حیرت بھری آنکھ جو تیری دید کو سہار سکے!

یا اللہ! وہ دن نہ دکھانا جب آنکھیں بینائی سے بیزار ہو جائیں

اور دل بیکاری پر راضی ہو جائے!

INFINIX HOT 8 | 13M
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے میرے رب!

اس دل کو یقین دلا دے

کہ جینے کا صلہ تُو ہے

مرنے کی جزا تُو ہے!

الٰہی!

جذبِ وجود میں رکھنا

حالتِ درود میں رکھنا

INFINIX HOT 8 | 13M
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

رہ مانیا

الٰہی! تیرے اوجھل ہونے پر راضی رہوں
تجھے دیکھنے کی تڑپ میں مسلسل اضافے کے ساتھ!

الٰہی!
مجھے توفیق دے کہ صحو میں جیوں اور جذب میں مروں!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! میں تیرا ہی ثنا خواں رہوں

پکار کر بھی اور خاموش رہ کر بھی

تیرے ہی شکر سے سیراب رہے

میری زبان بھی اور میرا دل بھی

تیری ہی یاد سے روشن رہے

میرا دن بھی اور میری رات بھی

مالک! میرے سب گناہ بخش دے

وہ بھی جو میں نے جانتے بوجھتے کیے

اور وہ بھی جو میں نے نیکی سمجھ کر کیے

مجھے ایسا بنا دے کہ تجھے خوش رکھوں

یہاں بھی اور وہاں بھی!

INFINIX HOT 8 | 18M
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کائنات کا ذرہ ذرہ اللہ کے ہونے کی گواہی دے رہا ہے
اس کے باوجود یہ ظاہری آنکھ سے نظر نہیں آتا یعنی
یہ آنکھیں جو اللہ نے بنائی ہیں اللہ کے واحد لاشریک
کی گواہی دے رہی ہے لیکن اللہ ہی کی بنائی آنکھوں سے اللہ
کو دیکھا نہیں جا سکتا

INFINIX HO
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! میری خاموشی کو اپنی سرگوشی بنا دے!

الٰہی! میں ذرّہ ہوں

اس ذرّے کو سورج سے شرمندہ نہ ہونے دینا

پیمانہ

یا اللہ! بندگی کا کاسہ بھرا رہے

تیرے نور سے، تیرے حضور سے

تجھ سے!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

وہ احساس چاہیے جس کا محسوس تو ہے

وہ علم جس کا معلوم تو ہے

اور میرے مالک! وہ دل

جس کا مقصود تو ہے، مطلوب تو ہے، معبود تو ہے

ہاں وہی دل

جس کے لیے موجود تو ہے، بس تو!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خداوندا! ہمیں اُس راستے پر چلانا جہاں ہر قدم منزل پر پڑتا ہے

الٰہی! آنکھوں کو دل پر حاکم نہ ہونے دینا
آنکھیں دیکھتی رہیں، اور دل اندیکھا کرتا رہے!

الٰہی!

اے ازل اور ابد کے مالک!
ایک پَل دائمی حضور والا
ایک سانس کامل شعور والا
ایک لمحہ سرمدی سُرور والا
ایک لحظہ ابدی نور والا!



Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

تیرا شکر ہے کہ دو آنکھیں دیں

ایک اس لیے کہ دیکھ سکے تجھے

اور دوسری اس لیے کہ نہ دیکھ سکے تجھے!

الٰہی! تجھے دیکھوں تو آنکھ اٹھا نہ سکوں

اور نہ دیکھوں تو آنکھ جھکا نہ سکوں!

الٰہی! میں تو دھوپ ہی دھوپ ہوں

میرا سائبان بن جا!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! غواص بنا دے

اور دریا کو موتیوں سے بھرا رکھ!

یا اللہ! میں نہیں ہوں تو ہونا سکھا دے

یا اللہ! میں ہوں تو نہ ہونا سکھا دے

الٰہی! اپنے حضور میں فرزانہ رکھنا اور غیاب میں دیوانہ!

اے دکھائی نہ دینے میں دکھائی دینے والے!

اے دکھائی دینے میں نہ دکھائی دینے والے!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خداوندا!

اتنا اندھیرا ہے کہ چراغ بھی سہم گئے ہیں

ایک سورج چاہیے کبھی نہ غروب ہونے والا

تیرا نور بانٹنے والا!

الٰہی!

دیدنِ من از تُست و نادیدن ہم

ظاہر استی تا چشم بی شغل نہ نشیند

و پنہان باشی کہ دل لحظہ ی بی کار نباشد!

(خدایا! میرا دیکھنا بھی تجھ سے ہے اور نہ دیکھنا بھی۔

تُو ظاہر ہے تاکہ میری آنکھ مشغول رہے،

اور تو پوشیدہ ہے تاکہ پل بھر کو بھی دل فارغ نہ رہے)



Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

چوں عاشق ساختی، از خود برآمدم

چوں عارف گردانیدی، بخود درآمدم!

ترا می بینم نادیدہ و می یابم نارسیدہ!

مرا چشمی بدہ کہ نہ بینم غیرِ تو

وقلبی کہ مشغول باشم در سیرِ تو!

(الٰہی! تو نے عاشق بنایا تو میں خود سے باہر نکل گیا

اور عارف بنایا تو میں خود میں واپس آ گیا

میں تجھے دیکھتا ہوں بِن دیکھے، اور تجھے پاتا ہوں بن پہنچے

مجھے وہ آنکھ عطا فرما کہ تیرے سوا کچھ نہ دیکھوں

وہ قلب نصیب فرما کہ تیری ہی سیر میں مشغول رہوں!)

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! ایسی خاموشی عطا فرما

جو آواز سے زیادہ سنی جائے!

الٰہی!

'ہونے' کی ہوس نے مجھے معدوم کر دیا ہے

جینے کی طمع نے میرے سینے میں موت کا دھواں بھر دیا ہے

مجھے عطا کر دے 'ہونے' کا شعور

اور 'نہ ہونے' کا سُرور

مالک!

تیرا ہی غیاب، اور تیرا ہی حضور!



www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الحمد للہ رب العالمین

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

قدرتی آفات

یا اللہ! بچے کبھی زمین کو ڈولتا نہ دیکھیں
بڑے کبھی زلزلے کی پھنکار نہ سنیں!

استغفار

الٰہی!
میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا
جو مجھے تیرا دوست بنا دے
تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا
جو بندگی میں کمال تک پہنچا دے
اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا
جو قیامت کے دن شکر کی حقیقت چکھا دے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہمیں سیدھا راستا دِکھا اور سیدھے راستے پر چلا

وہ راستا جس کا رہبر بھی تو ہے اور جس کی منزل بھی تو ہے

اُن لوگوں کا راستا جنھیں تو نے نوازا اپنی جنت سے

اور اپنی خشنودی سے، اپنے قُرب سے

یہ اُن سرکشوں اور ناشکروں کی راہ نہیں ہے

جنھیں تو نے دھتکار دیا پُرجلال ناراضی کے ساتھ

جن کو تو نے بھٹکتا چھوڑ دیا بے نیازی کے ساتھ

یااللہ! یااللہ! یااللہ!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے سب جہانوں کے پروردگار

اے رحمتِ عام کے مالک

اے وفاداروں کو ابدی حضور اور سُرور عطا کرنے والے

اے انصاف اور بخشش کے خداوند

اے اللہ!

ہم تجھی سے مانگتے ہیں اور تجھی کو مانگتے ہیں

ہم تیری ہی پرستش کرتے ہیں

ٹھنڈی زمین پر بھی اور جلتی ریت پر بھی

سر جھکا کر بھی اور سر اُٹھا کر بھی

دیکھتے ہوئے بھی اور بن دیکھے بھی

ہم تیری ہی مانتے ہیں، تیرے ہی کہنے پر چلتے ہیں

اکیلے اکیلے بھی اور قافلہ در قافلہ بھی

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ان کی راہ جو نوازے گئے تیری خشنودی سے

اس راستے پر ہمارے پاؤں نہ پڑنے دے

جس پر اکڑ کر چلنے والے تیرے غضب کے مستحق ہو گئے

اور بے وفائی کے قدموں سے اس پر بھٹکنے والے

تیری جناب سے دھتکارے گئے، بری دھتکار!



urdukutabkhanapk.blogspot.com

INFINIX HOT 8 | AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

حمدیہ

شکر ہے سب کے رب کا ثنا کے ساتھ

جو رحمان ہے ایک ایک کے لیے لاابتدا

اور رحیم ہے اپنی رحمت کے قدر دانوں پر لاانتہا

وہی سب کا رب، وہی رحمان، وہی رحیم

مالک ہے اس دن کا جب جنت آباد کی جائے گی

اور جہنم بھری جائے گی

ہم اسی کی پرستش کرتے ہیں سر جھکا کر نثار ہوتے ہوئے

اور اسی کو پکارتے ہیں محتاجی کی پکار

اے ہمارے پروردگار! اے ہمارے کارساز!

چلا ہم کو راہ سیدھی

Scanned with CamScanner

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں

اس دل سے جس کا مطلوب تو نہ ہو

اس محبت سے جس کا محبوب تو نہ ہو

اس نگاہ سے جس کا مقصود تو نہ ہو

اور اے ربِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم!

اس عبادت سے جس کا معبود تو نہ ہو

مالک!

ایسا کر دے کہ شاکر رہوں صبر کے ساتھ

اور صابر رہوں شکر کے ساتھ!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

یا اللہ!

اس دن کا سورج نہ نکلے جب دکھاوے کا بازار لگایا جائے گا

اور دل کو بے وفائی کا خریدار بنایا جائے گا

الٰہی!

اِس ذرے کو عطا فرما دے

ستارے کی سی بلندی

اور موتی ایسی گہرائی!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

جہنمی بھیڑیوں کے غول ہماری بستیوں میں داخل ہو گئے ہیں

اور دوزخ کی آندھیوں نے ہمارے بچوں کا محاصرہ کر لیا ہے

تُو ہماری پناہ بن جا

اور اپنے دشمنوں کے منہ پر آگ کے تھوبڑے کس دے

انہیں آگ کی رسیوں سے باندھ دے

اور ان کے ایک ایک کو آگ کے بگولوں میں جھونک دے!

Scanned with CamScanner

یااللہ! پناہ مانگتا ہوں

ایسے ذکر سے جو غفلت کی زبان سے کیا جائے

ایسی نیکی سے جو دکھاوے کے لیے کی جائے

ایسی محبت سے جو تجھے محبوب نہ بنائے

اور اُس نماز سے جو بے وفائی کے مصلے پر پڑھی جائے

یااللہ! بنا دے

اپنی کتاب کو جلتی آنکھوں کی ٹھنڈک

اور مرجھائے دل کی بہار

اور تاریک سینے کا چراغ!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

یا اللہ!

سوکھا پتا ہوں، ہرا کر دے

خالی پیالہ ہوں، آبِ حیات سے بھر دے

یا اللہ!

ایسی زندگی دے کہ تجھ پر مرنا اچھا لگے

اور ایسی بندگی کہ تجھ سے ڈرنا اچھا لگے

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

الٰہی! مُنہ پر سراہنے والے کو نزدیک نہ آنے دینا

اور ٹوکنے والے کو دُور نہ جانے دینا!

یا اللہ!

تو نے آگ کو آگ سے جلنے نہ دیا

برف کو برف میں ٹھٹھرنے نہ دیا

دریا کو دریا میں ڈوبنے نہ دیا

اے سب کو اپنی پناہ میں رکھنے والے!

مجھ پر بھی رحم فرما

مجھے مجھ سے بچا لے!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! گمنامی کو مرغوب بنا دے، خاموشی کو محبوب بنا دے،
عاجزی کو مطلوب بنا دے!

یا اللہ! روشنی
اندر بھی اور باہر بھی!

خدایا! پیت جھڑ کا سماں ہے
دل کا پیڑ ہرا رہے!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

الٰہی!

تیری رحمت کی چادر کبھی چھوٹی نہیں پڑتی

مجھے بھی ڈھانپ لے میرے مالک!

نفس کی پائیدگی

الٰہی مدد!

نفس نے مجھ کو پچھاڑ دیا ہے

مجھے غفلت کی مٹی میں گاڑ دیا ہے

میرا سارا کھیت اجاڑ دیا ہے!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پروردگارا!

زندگی کا ماتھا پُرخراش ہے

موت کے زہریلے جھکڑ آبادیوں میں آگھسے ہیں

اور پیڑوں نے چھاؤں دینی چھوڑ دی ہے

بارِ الٰہا!

پرندوں کو پھر سے ہماری چھتوں پر اُترنا سکھا دے

روندی ہوئی گھاس کو سبز ہونے کا اِذن کر دے

جلتے ہوئے دلوں کو ٹھنڈک القا فرما دے

ہمارے بچوں کو دنیا جگمگا دینے والی مسکراہٹ تعلیم کر دے!

Scanned with CamScanner

الٰہی!

ایسا خوف جو نفس کو پاک کر دے

ایسی محبت جو سینہ چاک کر دے

اور ایسی معرفت جو مجھ کو خاک کر دے!

یا اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں

اس خوف سے جو تیری محبت نہ بڑھائے

اور اس محبت سے جو تیرے خوف سے دور لے جائے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

جو مجھے اچھا جانے، اُسے خوش گمانی کا اجر دے
جو مجھے بُرا کہے، اُسے سچ بولنے کا صلہ دے
جو مجھے بُرا کہے، اُس کی غلط فہمی درگزر کر دے
جو میری تذلیل کرے، اُس کی تنظیم کر دے
جو مجھے حقیر سمجھے، اُس کی عزت میں اضافہ فرما

یا اللہ!

میں سراب پر لپکنے والی پیاس ہوں
بجھی ہوئی آگ کا دھواں ہوں
سمندر پر بوجھ بن جانے والے جھاگ کی طرح
مایوس اور اُداس ہوں!

INFINIX HOT 8 | 13MP
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دل تو تیری جنت کا پرندہ تھا

مگر اس کے پنکھ بوجھل ہو گئے ہیں دنیا کے بوجھ سے

الٰہی! اسے دھوکے کے جنگل میں نہ بھٹکنے دے

مکر کی جھاڑی کو اس کا نشیمن نہ بننے دے

اسے دکھاوے کی پرچھائیں پر نہ لپکنے دے

شیطان کو اس کے لیے جال نہ کسنے دے

اور اسے اس آسیبی گپھا میں گرنے سے بچا لے

جہاں نحوست غراتی ہے اور تاریکی شور مچاتی ہے

Scanned with CamScanner

الٰہی! جن کی صبح دور ہے ان پر رات کو شفیق بنا دے!

یا اللہ مدد!

ایسی رات آئی ہے کہ چراغ بھی دم بخود ہیں

یا اللہ! نہ بننے دے بے حمیتی کی دلدل کو ہمارا مدفن
بے وفائی کے کھنڈر کو ہمارا مسکن
اور ذلت کی زمین کو ہماری سجدہ گاہ!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

الٰہی! میرا جنگل خزاں کا نشیمن ہے

میری زمین زلزلوں کا مسکن ہے

میرا دن سورج کا مدفن ہے

مالک! میرا جنگل خزاں سے چھڑا دے

میری زمین سے زلزلوں کو بھگا دے

اور میرا دن اپنے نور سے جگمگا دے!

تہمینہ ہاشمی

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

الٰہی! کوئی اوّل، آخر نہیں ہے مگر تُو
کوئی باطن، ظاہر نہیں ہے مگر تُو
کوئی غائب، حاضر نہیں ہے مگر تُو
ہم تجھی کو پکارتے ہیں سنے جانے کے یقین کے ساتھ
ہم تیری ہی پرستش کرتے ہیں سجدہ شعار جبین کے ساتھ
ہمیں اکیلا مت چھوڑ اس اندھیرے میں
دشمنوں کے گھیرے میں!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

یا اللہ! ہم سے خوش رہنا اور ہمیں بھی خوش رکھنا
دل کو سیراب رکھنے والی شکر گزاری کے ساتھ
جان کو بے تاب رکھنے والی سرشاری کے ساتھ
اور آنکھ کو پُرآب رکھنے والی امیدواری کے ساتھ

یا اللہ! ایک چراغ چاہیے، ہواؤں پر حاکم اور اندھیروں پر غالب!

خداوندا! دوست بھی اچھا دینا، اور دشمن بھی!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

یا اللہ! عاجزی کو میری کلاہ بنا دے
نفس سے دل تک راہ بنا دے
چشمِ تر کو تمامی نگاہ بنا دے
دُشمن کا بھی خیر خواہ بنا دے!

اے میرے رب!
یہ دل ایک پرندہ ہے
تیری یاد ہی اس کا آب و دانہ ہے
اسے کسی اور چشمے کی طرف نہ جانے دینا
اسے کسی اور خرمن پر نہ اُترنے دینا!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! میرا جینا خیر ہو دوسروں کے لیے

— اور میرا مرنا خیر ہو میرے لیے!

الٰہی!

میرے پیڑ کے پھل گرائے جا رہے ہیں

اس کے پتے سوکھ رہے ہیں

دیمکوں کے لشکر نے اس کا محاصرہ کر رکھا ہے میرے مالک!

وہ بہار نازل فرما جو اس کا پھل میٹھا کر دے

اس کے پتے پھر سے سبز کر دے

اور اسے جنتی پرندوں کا بسیرا بنا دے!

Scanned with CamScanner

یا اللہ!

ایسی خزاں چھائی ہے کہ بہار بھی بے بس ہو گئی ہے

اتنا سناٹا ہے کہ آواز کا دم اکھڑ گیا ہے

ایسا اندھیرا ہے کہ سورج مایوس ہو چکا ہے

اے رب العالمین!

مایوس سورج کو نئی روشنی بخش دے

بے بس بہار میں تازہ روح پھونک دے

بے دم آواز میں اپنے نام کی گونج بھر دے

یا اللہ! یا اللہ! یا اللہ!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com
Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

سورۃ فاتحہ کی پانچویں آیت

اے اللہ! اے رحیم!

اے سیدھی راہ پر چلنے والوں کی منزل

تو وقتی نیکی پر ابدی اجر دیتا ہے

اور فرماں برداری کی نیت پر بھی دائمی انعام عطا فرماتا ہے

اے احکم الحاکمین!

اِس ناچیز کو بھی اُس دن کی دھوپ سے بچانا

جو سورج کو بھی راکھ کر دیتی ہے!

وطن کی محبت

یا اللہ! میرے وطن کو تپتا صحرا نہ بننے دے

جس پر زہریلے بگولے حکمرانی کریں!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMER

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! تیری رحمت میٹھا پانی ہے
اس پیاسے کو بھی سیراب کر دے!

یا اللہ! سلام ہو تیرے نبی ﷺ پر جس کا نور تیرا حضور ہے
سلام ہو تیرے رسول ﷺ پر جس کے ذکر میں تو مذکور ہے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے دن کو رات میں اور رات کو دن میں ضم کرنے والے
اے آسمان کو ستاروں اور سیاروں کا مطاف بنانے والے
اے زمین کو مقدس پیشانیوں کی سجدہ گاہ ٹھہرانے والے
اے مومن کے دل میں سمانے والے!
مجھے ایسی دُعا سکھا دے جو تو خوش ہو کر سُنتا ہے
جس میں تیری خشنودی طلب کی جاتی ہے
تجھ سے تجھ کو مانگا جاتا ہے!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! یارب العالمین!

ہمیں ذوقِ توحید دے

کہ تجھے ایک مانیں اور خود کو بھی ایک جانیں

یا اللہ! زمین کو ہم پر غصہ نہ ہونے دے

اور زلزلوں کو ہمارا پیچھا نہ کرنے دے!

یا اللہ! ہماری بستیاں آباد رہیں

ہمارے بچے بامراد رہیں!

INFINIX HOT 8 | 13M
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

یا اللہ!

سورج ڈھلنا بھول گیا ہے

پیڑوں نے سایہ دینا چھوڑ دیا ہے

کہاں ہے آنکھوں کو ٹھنڈا کرنے والی چھاؤں

دل کو سیراب کرنے والا چشمہ!

مالک!

تیرا نام ہی میرا سائبان ہے

تیری یاد ہی میری سیرابی!

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

میرا دل سیاہ پتھر ہے

جس پر غفلت اور نحوست کی کالی چیونٹیاں رینگ رہی ہیں

میری آنکھیں آسیبی دھویں کے محاصرے میں ہیں

رحم فرما!

مجھے اس آگ میں نہ گرنے دے جو بھڑکائی گئی ہے

ان سرکشوں کے لیے جنہوں نے تیرا غضب کمایا

اور ان بدراہوں کے واسطے جنہوں نے تیرا راستا چھوڑا

اور تجھے اپنی منزل نہ بنایا!

اسلام تلوار کے زور پر نہیں پھیلا
کہ لوگ دین اسلام کو ہتھیار
بنا کر مظلوموں پر زور آزمائی
کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے شکنجے
سے بچانا۔

INFINIX HOT 8 | 13MP

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! نہ میں کسی سے حسد رکھوں نہ کوئی مجھ سے

نہ میں کسی پر ظلم کروں نہ کوئی مجھ پر

دشمن سے ہارنے نہ دینا

اور دوست سے جیتنے نہ دینا!

یا اللہ!

تنہائی حیا والی، معاشرت سخا والی،

خوشی ثنا والی، غمگینی رضا والی!

میرے معبود! مجھے عطا کر دے

زندگی فنا والی اور موت بقا والی!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! دل کی ویرانی ختم کر دے

اسے محبت عطا فرما، اپنی اور اپنے محبوبوں کی!

الٰہی! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا

تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا

اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یارب العالمین!

میں پناہ مانگتا ہوں خود نمائی سے

جو آواز کو آلودہ کر دیتی ہے

اور خود بینی سے

جو خاموشی کو بھی خالص نہیں رہنے دیتی!

قرآن پاک کی تلاوت
زنگ آلود دل کو پاک کرتی ہے

یااللہ!

قرآن کو میرے دل کی بہار بنا دے

اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو

اس بہار کا حاصل!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! پناہ مانگتا ہوں اُس آنکھ سے جو تجھے نہ ڈھونڈے

اور اُس دل سے جو تجھے نہ پائے!



یا اللہ! مجھے پل بھر کے لیے بھی مجھ پر نہ چھوڑنا

میں برباد ہو جاؤں گا، بے آسرا رہ جاؤں گا

اپنے ہی اندھیروں میں دھنس جاؤں گا!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دنیا میں جو بھی عہدہ یا مرتبہ ملے
اسکا جائز استعمال کرنے والا بنا دے

الٰہی! مجھے عطا فرما دے

ایسی بہادری جو تیرے خوف سے خالی نہ ہو

ایسی قوت جو مجھے خود پر غالب کر دے

ایسا عروج جس میں عاجزی گندھی ہو

اور میرے مالک! وہ سخاوت

جسے میں ہمیشہ بخل سمجھتا رہوں!

ایسا راستہ عطا فرما جو معرفتِ الٰہی کی طرف
لے جائے

الٰہی! ایسا عشق عطا کر جو استغفار سکھا دے

ایسی توبہ نصیب فرما جو عاشق بنا دے!

INFINIX HOT 8 | 13MP
TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

دل میں خاردار دکھ نے گھر کر لیا ہے

اور آنکھیں آنسوؤں کی گزرگاہ بن گئی ہیں

مجھے غمگینی کی دُھند سے نکال دے

ایسا روشن حال دے

جو دل کو پورا اُجال دے!

یا اللہ!

ایک نامہربان سورج کی جلتی دھوپ نے دل کو جھلسا دیا ہے

اسے چاہیے تیرے قرب کی ٹھنڈی چھاؤں

اور تیری یاد کا میٹھا چشمہ!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

میرے دل میں غفلت کا دھواں بھر گیا ہے

میرے نفس کو بے وفائی کی نحوست لگ گئی ہے

میں ناشکری کی بساندھ سے بھر گیا ہوں

اور مجھے سورج سے اندھیرا کشید کرنے کی عادت پڑ گئی ہے

رحم یا ارحم الرّاحمین، یا ارحم الرّاحمین، یا ارحم الرّاحمین!

الٰہی! ذہن کو غافل اور دل کو کاہل نہ ہونے دینا!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! میں توبہ کرتا ہوں

سنگدلی سے جو روح پر پتھراؤ کرتی رہتی ہے

خود غرضی سے جس نے مجھے دلدل میں پلنے والا کیڑا بنا رکھا ہے

بزدلی سے جو مکاری کی گپھا ہے

بخل سے جو ذلت کی جھاڑی ہے

اور بڑا بننے کی ہوس سے اے ذا الجلال والاکرام!

جو آئینے کا دشمن بنا دیتی ہے

الٰہی! یہی آہ تو میری کُل پونجی ہے،

اس میں کمی نہ آنے دینا!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

مسافر استم ساز و رخت ندیدہ
راہی دارم دراز و پیچیدہ
بلاہا بیدار و پای من خوابیدہ
کجاست منزل ایں ہفتخواں
آں گلِ ناچیدہ!

(الٰہی! مسافر ہوں سامانِ سفر سے محروم،
راستا بہت لمبا اور پیچ دار ہے،
میرے پاؤں سو گئے ہیں اور بلائیں بیدار ہیں
کہاں ہے اس امتحان در امتحان
کا نتیجہ، وہ اچھوتا گلِ سرخ!)

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

احوال کی بیماریوں سے محفوظ رکھنا

یا اللہ!

مجھے بچانا بخل سے جو ذلت کا تھوبڑا ہے

کاہلی سے جو بے غیرتی کا بستر ہے

غفلت سے جو دل اُجاڑ دیتی ہے

خود پسندی سے جو زہریلی دلدل ہے

مایوسی سے جو خودکشی ہے

بے مروّتی سے جو نفس کا جذام ہے

سنگدلی سے جو منحوس بھیڑیا ہے

لالچ سے جو گراوٹ کا پھندا ہے

حسد سے جو جہنمی آگ ہے

اور میرے مالک

ریا سے جو تجھ سے بے وفائی ہے!

INFINIX HOT 8 | 13MP
AI TRIPLE CAMERA

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خدایا!

میرے نفس نے مجھے اتنا پست کر دیا ہے

کہ میں نے حماقت کو مذہب

جہالت کو مشرب

اور سفاہت کو مسلک بنا رکھا ہے

مجھے اس منحوس پستی سے نکال لے میرے معبود!

جہاں کیڑے بھی رینگنا پسند نہیں کرتے

یا اللہ! میری زبان کڑوی ہے، اپنے ذکر سے شیریں کر دے

میرا دل پتھر ہے، اپنی محبت سے نرم کر دے

INFINIX HOT 8 | 13
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

شکر کی ہوا میں رکھنا

ثنا کی فضا میں رکھنا

وفاداری کی رِدا میں رکھنا!

یا اللہ!

وہ دھوپ نہ دکھانا

جس میں سایہ بھی جھلس جاتا ہے

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے میرے رب، میرے مالک!

مجھے تُو نے بہار دے کر بھیجا تھا

مگر میرے نفس نے مجھ پر خزاں مسلط کر رکھی ہے

میں ریت کی دیوار بن کر رہ گیا ہوں

جسے گرانے کے لیے زمین زلزلے جنتی ہے

سمندر طوفان گھڑتا ہے

اور ہوا آندھیاں ایجاد کرتی ہے

یا اللہ! پناہ، یا اللہ! امان، یا اللہ! معافی۔۔۔

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

میرے کھیت پر زہراب برس رہا ہے

میرے گھر میں بھونچال آ بسے ہیں

اپنی رحمت کو میرا سائبان

اور بخشش کو میرا اثاث البیت بنا دے

میں نے تاریکی کے ہاتھ پر بیعت کر لی ہے

اور نخوست سے وفاداری کا حلف اٹھا لیا ہے

میرے دل سے بے وفائی کا یہ روگ دُور کر دے

میرے مفلوج ہاتھوں کو اس قابل کر دے

کہ تیری رسی کو تھام سکیں مضبوطی کے ساتھ

محتاجی کے ساتھ اور شکر گزاری کے ساتھ!

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ!

اِس مفلس و نادار کو عطا کر دے

سرمستی کا خرمن کہ دانہ دانہ رقص کرے

مجذوبی کا صحرا کہ ذرہ ذرہ وجد میں ہو

حضوری کا دریا کہ بوند بوند آنکھ بن جائے

اور میرے معبود!

اپنی خشنودی کا سائبان

جو دل پر دُنیا کی دھوپ نہ پڑنے دے

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی!

میری چادر چھوٹی ہے اور جاڑے کی رات لمبی!

الٰہی! مجھے پانی تو مل گیا ہے
پیاس بھی عطا فرما دے!

یا اللہ! دل کا دریا اُترنے نہ دینا
مر جاؤں تو مرنے نہ دینا!

الٰہی! پیاس میں سیراب رکھنا
اور سیرابی میں پیاسا!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

فارسی

الٰہی!

تو آنی کہ ذرہ را صحرا بسازی و قطرہ را دریا
چراغِ مردہ را زندہ کنی و شرارِ شعلۂ فنا را پایندہ
من ہم ذرۂ پامال استم و شرارے زبون حال
بپران مرا در ہوائے جاودانی عشق
بیفروز مرا از پرتوِ خورشید لامکانی عشق

(الٰہی! تو وہ ہے کہ ذرے کو صحرا بنا دیتا ہے اور قطرے کو سمندر، تو چراغِ مردہ کو زندہ کرتا ہے اور فنا کے شعلے سے اُٹھنے والی چنگاری کو دوام بخش دیتا ہے! میں بھی روندا ہوا ذرہ ہوں اور بدحال چنگاری، مجھے اُڑا دے عشق کی جاودانی ہوا میں، مجھے اُجال دے عشق کے لامکانی سورج کی چمک سے)

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! میری آنکھ پیاسی ہے اور منظر سارے سراب!

الٰہی! میرا دل خالی ہے، بالکل خالی

اسے بھر دے اپنے غیاب در غیاب حضور سے

اپنے حضور در حضور غیاب سے!

یا اللہ!

دل کو حُبِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا روشن کر دے

کہ یہ تیرا گھر بننے کے لائق ہو جائے

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

یا اللہ! غیب پر راضی رکھ
اور تمنّائے دید میں کمی نہ آنے دے

الٰہی! آنکھیں غیب میں رہیں
اور دل حضور میں!

الٰہی! میں درد ہی درد ہوں
میرا درماں تُو ہے، صرف تُو!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! در ھوای تو ایوبی کنم و در لقای تو مجذوبی!

(الٰہی! تیری تمنا میں صبر ایوب کرتا ہوں،

اور تیرے حضور میں مجذوب بن جاتا ہوں!)

الٰہی!

سوختن ارزانی فرمای و در آتش کدۂ عشق کہ دل را

گداختہ بسازد و نفس را روشن و چشم را نگرندہ

(الٰہی! مجھے جلنا نصیب کر دے عشق کے

آتش کدے میں جس سے دل

پگھل جاتا ہے اور نفس روشن ہو جاتا ہے

اور آنکھ دیدہ ور بن جاتی ہے)

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

فارسی

الٰہی!

دانہ ی افتادہ ام خرابِ ہستی
در انتظارِ روزی کہ بسازی مرا خرمنی
کہ دانہ دانہ اشں در رقص باشدو درمستی!

(الٰہی! میں گرا پڑا دانہ ہوں جسے ہستی نے روند رکھا ہے
اسے انتظار ہے اس دن کا جب تو اسے خرمن بنا دے گا
ایسا خرمن جس کا دانہ دانہ رقص اور سرمستی میں مشغول ہو گا)

الٰہی! میری کٹیا میں چراغ نہیں ہے
میرے سینے میں داغ نہیں ہے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے میرے رب!

وہ درد بھیج جو دل کو شاد رکھے

وہ آنسو نازل فرما جو آنکھ کو بامراد رکھے

الٰہی!

اندھا ہوں، آنکھ!

پتھر ہوں، دل!

اکیلا ہوں، تُو!

ہاں تُو!

urdukutabkhanapk.blogspot.com

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مالک!

تو ہی میرا خواب ہے اور میری بیداری
تو ہی میری سرمستی ہے اور میری ہوشیاری
تو ہی میری دولت ہے اور میری ناداری
تو ہی میری آنکھ ہے اور میری بے دیداری
بھلا تیرے سوا بھی کسی کو چاہا جا سکتا ہے
کسی کو دیکھا جا سکتا ہے!

الٰہی! بس ایک سجدہ!
جس میں زندگی بھی بیت جائے اور موت بھی

urdukutabkhanapk.blogspot.com

INFINIX HOT 8
AI TRIPLE CAMERA

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مالک! دل تو چاق چوبند ہے مگر آنکھیں تھک گئی ہیں
انھیں بھی تازہ دم کر دے، ان کی ڈھارس بندھا دے!

یا اللہ!

تو نے ذہن دیا کہ تو مانا جائے
زبان دی کہ تو سراہا جائے
یہ آنکھ بھی تو تُو نے ہی دی ہے میرے مالک!
اسے بھی کسی کام پر لگا دے!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اے اللہ! اے رحمان!

اے تمام مخلوق کو اپنی رحمتِ عام سے شرابور رکھنے والے

اے ہر موجود کو وجود کا سامان ودیعت کرنے والے

اے بلا استحقاق نوازنے والے

اے بلا امتیاز سب مظلوموں کی سننے والے

اے فطرت کا سارا نظام فضل و بخشش پر چلانے والے

مجھ پر بھی فیضان کر اپنی مغفرت، اپنی رضا اور اپنا قرب!

Scanned with CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

الٰہی! تیری ہی طرف چلتا رہوں

محتاجی کی پکار کے ساتھ

بندگی کی رفتار کے ساتھ

عشقِ احمدِ مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ!

الٰہی! دھوپ کی حکومت ہے، اور مجھے سایہ چاہیے

ایک ہی سایہ!

تیری رحمت کا، تیری بخشش کا

اور میرے مالک! تیری دوستی کا سایہ!

Scanned with CamScanner